خود ان کی اصل تعلیم کو بھی پس پشت ڈال دیا ہے لیکن خوشی ہے کہ ڈاکٹر سید وحید اشرف صاحب نے حضرت جہانگیر رح کے سوانح حیات کو مرتب کرتے ہوئے خاصی معتدل روش اختیار کی ہے بلکہ بعض روایات پر نقد و جرح کرتے ہوئے حق بات کہنے سے گریز نہیں کیا۔ حتیٰ کہ لطائف اشرفی کے بعض مندرجات کی خامیوں کی بھی نشان دہی کر دی ہے۔

بہت سی خوبیوں کے باوجود حضرات اولیار کرام کے دیگر تذکروں کی طرح یہ کتاب بھی حضرت جہانگیر رح کی تبلیغ دین کی وسیع ترین خدمات پر خاطر خواہ روشنی ڈالنے سے قاصر ہے، حالانکہ ان حضرات رح کا اصل مقصد حیات ہی اشاعت دین رہا ہے اور ان کے تمام سفر و حضر اور تمام حرکات و سکنات، یہاں تک کہ ترک وطن بھی اسی غرض واحد کا نتیجہ تھے کہ جہاں تک ممکن ہو دین حق کی توسیع ہو اور لوگ اللہ اور اس کے رسول صلعم کے احکام پر عمل کے پابند ہو جائیں۔

ڈاکٹر سید وحید اشرف نے حضرت جہانگیر رح کے علمی و تصنیفی کمالات پر اگرچہ اپنی اس گرانقدر کتاب میں دس صفحات شامل کئے ہیں، لیکن شائقین علم کے لئے یہ باب بہت تشنہ ہے، امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں ڈاکٹر صاحب اس موضوع کا حق ادا کرنے پر توجہ فرمائیں گے (م - ع)

حجۃ الوداع:-

مؤلف مولوی معین الدین صاحب رہبر فاروقی سائز ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۱۸۴ - قیمت غیر مجلد پانچ روپے Rs.5/-

ملنے کا پتہ :- مولوی رہبر فاروقی مکان ۱۷ ــ ۳ ــ ۴۰۵ محلہ املی بن - بیرون یاقوت پورہ - حیدرآباد (آندھرا)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مبارک جس عنوان سے بھی سامنے آئے تازگی ایمان کا سبب بنتا ہے اور یہ ذکر اقدس جتنی بار پڑھا یا سنا جائے ہر بار سرور